| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:______ | ہفتہ: 9 | تاریخ:______ | وقت: 40منٹ |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے طبعی خدوخال |
|---|---|

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے اہم طبعی خطوں کی شناخت کر سکیں۔
- پاکستان کے ہر طبعی خطے کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں وہ پاکستان کے اہم طبعی خدوخال (سطوح مرتفع اور میدان) کے بارے میں پڑھیں گے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- پاکستان کے طبعی خدوخال کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ ان اہم حصوں کے نام بتائیں۔
- پاکستان کے شمالی اور شمال مغربی پہاڑی سلسلوں کے نام بتائیں۔
- پاکستان کے مغربی پہاڑی سلسلے کی اہمیت بتائیں۔
- پاکستان کے مغربی پہاڑی سلسلے کی اہمیت بتائیں۔

جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 58تا59 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں کہ سطح مرتفع زمین کے اس بالائی حصے کو کہتے ہیں جس کی سطح ارد گرد کے علاقے سے بلند ہو۔ انھیں بتائیں کہ پاکستان میں دو سطح مرتفع ہیں۔ (1) سطح مرتفع پوٹھوہار (2) سطح مرتفع بلوچستان۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے سطح مرتفع پوٹھوہار اور سطح مرتفع بلوچستان اور اس کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو ”میدان یا میدانی علاقہ“ کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ پاکستان کے میدانی علاقے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جیسا کہ (۱) دریائے سندھ کا بالائی میدان (۲) دریائے سندھ کا زیریں میدان
- انھیں متن کی مدد سے پاکستان کے میدانی علاقوں دریائے سندھ کا بالائی میدان اور دریائے سندھ کا زیریں میدان کے بارے میں بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ ان میدانی علاقوں کی کیا اہمیت ہے۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ** | **3منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **5منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں:

سطح مرتفع سے کیا مراد ہے؟

سطح مرتفع پوٹھوہار اور سطح مرتفع بلوچستان کہاں واقع ہیں؟

میدانی علاقے سے کیا مراد ہے؟

پاکستان کے میدانی علاقوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے طبعی خدوخال |

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے اہم طبعی خطوں کی شناخت کر سکیں۔
- پاکستان کے ہر طبعی خطے کی نمایاں خصوصیات بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ اس سبق میں وہ پاکستان کے اہم طبعی خدوخال (صحرائی اور ساحلی علاقے) کے بارے میں پڑھیں گے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- سطح مرتفع پوٹھوہار اور سطح مرتفع بلوچستان کہاں واقع ہیں؟
- میدانی علاقے سے کیا مراد ہے؟ پاکستان کے میدانی علاقوں ”دریائے سندھ کا بالائی میدان اور سندھ کا زیریں میدان“ کے بارے میں بتائیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا موقع دیں۔

**طریقہ تدریس:** **10 منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 60 تا 61 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو صحرا کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں صحراؤں میں اوسط سالانہ بارش 250 ملی میٹر (10 انچ) سے کم ہوتی ہے۔ انھیں پاکستان کے مشہور صحرا کے نام بتائیں اور بتائیں کہ یہ صحرا پاکستان کے کن علاقوں میں واقع ہیں۔
- طلبہ کو ساحلی علاقے کا مطلب بتائیں۔ انھیں متن کی مدد سے پاکستان کے ساحلی علاقے سے آگاہ کریں اور بتائیں کہ یہ ساحلی علاقے کہاں واقع ہیں۔
- طلبہ کو پاکستان کے چند بڑے صحرا کے نام بتائیں۔

(1) تھر (2) تھل (3) خاران

- ان سے کہیں کہ پاکستان کے کسی سیاحتی مقام سے متعلق معلومات جمع کریں۔

- پاکستان کا ساحلی علاقہ چھوٹی بندرگاہوں پر مشتمل ہے جس میں کراچی سب سے اہم بندرگاہ ہے اور دوسری بندرگاہوں میں پورٹ قاسم، گوادر، کامران اور جیوانی شامل ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

- پاکستان کے بڑے صحرا کے نام بتائیں۔
- پاکستان کی اہم بندرگاہ کونسی ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |

| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: پاکستان کے طبعی خدوخال |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پاکستان کے مختلف طبعی خطوں میں بسنے والے لوگوں کی زندگیوں کا موازنہ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ معاشرتی علوم جماعت (5) کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ کو بتائیں کہ اس میں وہ طبعی خطوں میں بسنے والے لوگوں کی زندگی کے بارے میں پڑھیں گے۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- وہ کس طبعی خطے میں رہتے ہیں اور ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں جیسا کہ پیشہ، رہن سہن، خوراک، لباس وغیرہ کے بارے میں بھی پوچھیں۔

انھیں باری باری بولنے اور جواب دینے کا موقع دیں۔ جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 10 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 62 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ پاکستان کے مختلف طبعی خطوں میں رہنے والے لوگوں کی زندگیاں دوسرے خطوں میں رہنے والوں سے مختلف ہیں۔
- پہاڑی علاقوں میں موسم سرما میں شدید سردی پڑتی ہے اور اکثر برف باری بھی ہوتی ہے۔ اس علاقے کے لوگ موٹے اونی کپڑے پہنتے ہیں تاکہ سردی سے محفوظ رہ سکیں۔ موسم گرما میں موسم متعدل رہتا ہے۔ گلہ بانی یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔ اس کے علاوہ سیاحت بھی آمدنی کا ذریعہ ہے۔ کاشت کاری کا پیشہ وادیوں میں رہنے والے لوگ اپناتے ہیں۔
- پاکستان کی سطح مرتفع میں رہنے والے لوگوں کو گرمیوں میں شدید گرمی اور سردیوں میں شدید سردی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ البتہ یہ علاقے معدنی وسائل سے مالا مال ہیں۔ اس لیے یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ کان کنی ہے۔ اس کے علاوہ کچھ

علاقوں میں کاشت کاری بھی کی جاتی ہے۔ موسم کی شدت کے باعث سطح مرتفع کے لوگ ڈھیلے ڈھالے سوتی لباس کا استعمال کرتے ہیں۔

- میدانی علاقوں میں رہنے والے زیادہ تر لوگوں کا پیشہ زراعت ہے۔ اس کے علاوہ صنعت کاری سے بھی لوگ وابستہ ہیں۔ پاکستان کے میدانی علاقے گنجان آباد ہیں۔ اس کی ایک بڑی وجہ یہاں کی سطح زمین، سازگار موسم اور آب و ہوا ہے۔ عام طور پر لوگ سوتی لباس پہنتے ہیں۔
- پاکستان کے صحرائی علاقے انتہائی گرم ہیں۔ ریتلے علاقوں اور پانی کی کمی کی وجہ سے یہاں کاشت کاری نہیں کی جاسکتی۔ یہاں لوگ خانہ بدوشوں کی طرح زندگی گزارتے ہیں اور بھیڑ بکریاں پال کر گزر بسر کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں اونٹ بھی پالے جاتے ہیں۔
- پاکستان کا ساحلی علاقہ بندرگاہوں کی موجودگی کی وجہ سے معاشی سرگرمیوں کا مرکز ہے۔ یہاں زیادہ تر لوگ تجارت اور صنعت کے پیشے سے وابستہ ہیں۔ ماہی گیری بھی یہاں کے لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔ یہاں کی آب و ہوا معتدل ہے۔ ساحلی علاقے کی ہوا میں نمی پائی جاتی ہے۔ لوگ سوتی لباس پہنتے ہیں۔

**اعادہ** — **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** — **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں:

پہاڑی علاقوں میں بسنے والے لوگوں کا پیشہ کیا ہے؟

ساحلی علاقوں میں رہنے والے لوگ عموماً کیسے کپڑے پہنتے ہیں؟

**گھر کا کام:** — **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔